## سوال

حضرت عثمان  کا سفر میں حضر کرنا

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سفر میں بھی مکمل نماز کیوں ادا کرتے تھے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اہل علم نے اس کی کئی وجوہات بیان فرمائی ہیں میرے نزدیک راجح یہ ہے کہ وہ سمجھتے تھے سفر میں قصر رخصت ہے عزیمت نہیں جیسا کہ روزہ اللہ تعالیٰ نے بھی قرآن مجید میں :

فَلَيۡسَ عَلَيۡكُمۡ جُنَاحٌ أَن تَقۡصُرُواْ مِنَ ٱلصَّلَوٰةِ --النساء101

''تم پر گناہ نہیں کچھ کم کرو نماز میں سے'' ہی فرمایا ہے

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

**احکام و مسائل**

**نماز کا بیان ج1ص232**